صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز پیر مورخہ 28 جون 2010ء بمطابق 15 رجب 1431 ہجری سہ پہر تین بجکر پینتالیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

يُرِيدُ ٱللَّهُ لِيُبَيِّنَ لَكُمْ وَيَهْدِيَكُمْ سُنَنَ ٱلَّذِينَ مِن قَبْلِكُمْ وَيَتُوبَ عَلَيْكُمْ ۗ وَٱللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ O وَٱللَّهُ يُرِيدُ أَن يَتُوبَ عَلَيْكُمْ وَيُرِيدُ ٱلَّذِينَ يَتَّبِعُونَ ٱلشَّهَوَٰتِ أَن تَمِيلُوا۟ مَيْلًا عَظِيمًا O يُرِيدُ ٱللَّهُ أَن يُخَفِّفَ عَنكُمْ ۚ وَخُلِقَ ٱلْإِنسَٰنُ ضَعِيفًا O يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ لَا تَأْكُلُوٓا۟ أَمْوَٰلَكُم بَيْنَكُم بِٱلْبَٰطِلِ إِلَّآ أَن تَكُونَ تِجَٰرَةً عَن تَرَاضٍ مِّنكُمْ ۚ وَلَا تَقْتُلُوٓا۟ أَنفُسَكُمْ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ كَانَ بِكُمْ رَحِيمًا۔

(ترجمہ): اللہ چاہتا ہے کہ تمہارے واسطے بیان کرے اور تمہیں پہلوں کی راہ پر چلائے اور تمہاری توبہ قبول کرے اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔ اور اللہ چاہتا ہے کہ تم پر اپنی رحمت سے متوجہ ہو اور جو لوگ اپنے مزوں کے پیچھے لگے ہوئے ہیں وہ چاہتے ہیں کہ تم راہ راست سے بہت دور ہٹ جاؤ۔ اللہ چاہتا ہے کہ تم سے بوجھ ہلکا کر دے کیوں کہ انسان کمزور پیدا کیا گیا ہے۔اے ایمان والو! آپس میں ایک دوسرے کے مال ناحق نہ کھاؤ مگر یہ کہ آپس کی خوشی سے تجارت ہو اور آپس میں کسی کو قتل نہ کرو بے شک اللہ تم پر مہربان ہے۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔ جن معزز اراکین نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں، ان میں جناب وجیہہ الزمان صاحب، جناب سکندر عرفان صاحب، جناب گوہر نواز خان، محمد انور خان صاحب اور سید جعفر شاہ صاحب نے 28 جون 2010 کیلئے، سردار شمعون یار خان نے 28 جون 2010 تا 30 جون 2010 کیلئے اور جناب ثناء اللہ میانخیل صاحب و محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی صاحبہ نے 28 جون 2010 تا اختتام اجلاس کیلئے رخصت طلب کی ہے، So the question is that the leave applied for may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Leave is granted.

سپاس تہنیت

جناب سپیکر: ہمارے پریس گیلری کے انتخابات ہوئے ہیں جن میں 'آج نیوز' کے شہاب الدین صاحب صدر منتخب ہوئے ہیں اور جمال الدین صاحب جن کا 'نوائے وقت' سے تعلق ہے، سیکرٹری منتخب ہوئے ہیں، 'سماء ٹی وی' کے اعجاز (کیمرہ مین) کوآرڈینیٹر بنے ہیں، میں تمام ہاؤس کی طرف سے آپ سب کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

(تالیاں)

ضمنی بجٹ برائے سال 10-2009 کے مطالبات زر پر بحث ورائے شماری

Mr. Speaker: Demand No. 20; the honourable Minister for Environment and Forest, Khyber Pakhtunkhwa, to please move his Demand No. 20.

جناب واجد علی خان (وزیر ماحولیات وجنگلات): جناب سپیکر! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ چھ کروڑ، چھہتر لاکھ، چورانوے ہزار سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2010 کو ختم ہونے والے سال کے دوران ماحولیات اور جنگلات کے سلسلے میں برداشت کرنے ہونگے۔

Mr. Speaker: Motion moved that a sum not exceeding rupees 6,76,94,000 only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2010 in respect of Environment and Forest.

Janab Akram Khan Durrani Sahib to please move his cut motion. Not present, lapsed. Mr. Israr Ullah Khan Gandapur Sahib. Not present, lapsed. Dr. Iqbal Din Sahib to please move his cut motion. Not present, lapsed. Ms Saeeda Batool Bibi. Not present, lapsed. Ms Shazia Tehmas to please move her cut motion on Demand No. 20.

محترمہ شازیہ طہماس: شکریہ، جناب سپیکر۔ میں جی پانچ سو روپے کی کٹ موشن کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: Motion moved that the total grant may be reduced by rupees five, five or five hundred?

Ms Shazia Tehmas: Five hundred only.

Mr. Speaker: Five hundred only. Mr. Muhammad Javed Abbasi Sahib.

جناب محمد جاوید عباسی: شکریہ، جناب سپیکر۔ میں پانچ لاکھ روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: Motion moved that the total grant may be reduced by rupees five lakh only. Mufti Kifayatullah Sahib to please move his cut motion on Demand No. 20. Mufti Kifayatullah Sahib.

مفتی کفایت اللہ: میں چھ کروڑ، چھہتر لاکھ، چورانوے ہزار میں صرف پانچ روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: اتنا تو انکا ڈیمانڈ نہیں ہے کہ ہے؟

مفتی کفایت اللہ: اس میں پانچ روپے کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: لیکن بڑا لمبا چوڑا فگر آگے آیا، میں سمجھا ہوں کہ پورا گرانٹ آپ کاٹ رہے ہیں۔ (قہقہے) مفتی صاحب سے تو ہر توقع رکھی جا سکتی ہے۔

Motion moved that the total grant may be reduced by rupees five only. Malik Hayat Khan, Malik Hayat Khan Sahib. Not present, lapsed. Malik Qasim Khan Khattak Sahib. Not present, lapsed. Mr. Naseer Muhammad Khan Midadkhel Sahib.

Mr. Naseer Muhammad Mindadkhel: Withdrawn, Sir.

Mr. Speaker: Withdrawn. Ms. Noor Sehar Bibi.

محترمہ نور سحر: سپیکر صاحب! میں پانچ کروڑ روپے کی کٹ موشن کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: Motion moved that the total grant may be reduced by rupees five crore only. Ms Shazia Tehmash Bibi.

محترمہ شازیہ طہماس: شکریہ، جناب سپیکر۔ جو ضمنی بجٹ کے حوالے سے مطالبہ زر متعلقہ ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے پیش ہوا ہے، وہ تو چھ کروڑ، چھہتر لاکھ کے حوالے سے ہے جو میری کٹ موشن ہے، وہ میں نے پانچ سو روپے تک اسلئے محدود رکھی ہے کہ میرا ڈیپارٹمنٹ کی کارکردگی پر کوئی سوال نہیں ہے لیکن اکثر، پچھلے سال میں میں نے یہ دیکھا ہے کہ کئی ایسے پراجیکٹس نان گورنمنٹل آرگنائزیشن کی جانب سے پیش ہوئے ہیں کہ جنکی نہ صرف TORs میں بلکہ جتنے بھی اشتہارات ہیں، اس میں محکمے کا نام Mention ہوا ہے لیکن جب اخبار میں وہ اشتہارات آئے بھرتی کے حوالے سے اور اس پہ متعلقہ امیدواروں نے Apply کیا تو کسی بھی امیدوار کو اس میں بھرتی کیلئے Consider نہیں کیا گیا اور وجہ یہ بتائی گئی ہے کہ اس پر Already بھرتیاں ہو چکی ہیں، اس وجہ سے اس پر ہم مزید بھرتیاں نہیں کر سکتے۔ چونکہ یہ ہماری ایک Formility تھی، جسے ہمیں پوری کرنی تھی، اسی لئے ہم نے اخبارات میں اشتہار دیئے۔ تو میری گزارش متعلقہ وزیر سے یہ ہوگی کہ اس کی Credibility پہ ڈیپارٹمنٹ کا نام آتا ہے، اگر ان پراجیکٹس پہ ڈیپارٹمنٹ کا کوئی لینا دینا نہیں ہے تو انکا نام استعمال کیوں ہوتا ہے؟ اور اگر استعمال ہوتا ہے تو پھر چاہیئے کہ اس کا Proper follow up بھی ہو۔ اس ضمن میں مجھے وضاحت بھی چاہیئے اور اگر کوئی Surety ہے تو مجھے عار نہیں ہوگی کہ میں اپنی یہ جو کٹ موشن ہے، وہ واپس لے لوں لیکن مجھے اس کی وضاحت جو ہے، وہ چاہیئے ہوگی۔

جناب سپیکر: جاوید عباسی صاحب۔

جناب محمد جاوید عباسی: شکریہ، جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! میں نے اپنی سپیچ میں بھی کہا تھا اور مجھے اس بات پہ کوئی گلہ یا میں نہیں چاہتا کہ یہاں یہ انہوں نے چھ کروڑ، چھہتر لاکھ روپے کا جو خرچہ کیا ہے، میں جناب منسٹر صاحب کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں صرف ایک بہت اہم معاملہ کی طرف، جو ابھی منسٹر صاحب، ہمایوں خان نے اپنی بجٹ سپیچ میں بھی کہا تھا کہ بہت بڑا پراجیکٹ جناب سپیکر، چل رہا تھا، ہمارے علاقوں میں جو واٹر شیڈ کے نام سے پہچانا جاتا ہے، وہ پراجیکٹ یقیناً Foreign funded پراجیکٹ تھا، آج آپ جتنے بھی درخت دیکھ رہے ہیں، جو نئے درخت ہیں یا بیس سال پرانے ہیں، یہ وہ سارا اس پراجیکٹ کا کمال ہے کہ یہ درخت آج وہاں ہمیں نظر آرہے ہیں، بدقسمتی سے پچھلے کوئی پانچ چھ سالوں میں یا اس سے بھی زیادہ عرصہ ہو گیا جناب سپیکر، ان کے پاس فنڈ نہیں تھے تو میں نے یہاں اسمبلی کے اندر بات کی اور کہا کہ یہ بہت بڑی تعداد میں جو ملازمین ہیں، میں مشکور ہوں حکومت کا کہ انہوں نے تو اس

بجٹ میں ان ملازمین کی تنخواہوں کیلئے پیسے رکھ دیئے اور وہ ملازمین اپنے گھروں کو نہیں جائیں گے لیکن مجھے یہ گلہ ہے کہ یہ پراجیکٹ جو بہت بڑا تھا اور اس کا کام تھا کہ اگر اس نے جس طرح سے پچھلے دس سال پہلے کام کیا تھا، اگر یہ پچھلے دس سال بھی کرتا تو الحمد للہ جہاں آج ہمیں، دنیا میں جو جنگلات کا ریشو ہے، اس سے ہم بہت کم ہیں جناب سپیکر، جو آنے والے حالات میں یہ بہت بڑی پریشانی کی بات ہے جو محکمے کی سب سے بڑی ذمہ داری ہونی چاہیئے اور اسے یہ صورتحال اختیار کرنی چاہیئے کہ ٹھیک ہے، انکے اخراجات کی بات کریں اور اخراجات کی منظوری بھی دیں لیکن یہ بتادیں کہ جنگلات میں اضافہ کتنا ہوا ہے؟ جنگلات میں آپ نے کہاں کہاں اضافہ کیا ہے، نئے پودے کہاں کہاں لگائے گئے ہیں، نئی نئی جگہوں پر کہاں انکو، نظر تو یہ آرہا ہے کہ جو Existing ہیں جناب سپیکر، ان میں بھی بڑی کمی آئی ہے، میں نے بڑی ڈیٹیل میں اپنی بات کی تھی، میری پچھلی جو کٹ موشن تھی۔ اس میں تو میں نے جی منسٹر صاحب سے صرف یہ پوچھنا ہے اور Assurance چاہیئے کہ جو واٹر شیڈ کا پراجیکٹ تھا، ملازمین کا بھی انہوں نے کہہ دیا ہے کہ ہم آنے والے بجٹ میں ان کو جناب سپیکر، پیسے دیں گے لیکن وہ ملازمین جو شاید ساڑھے تین سو یا اس سے بھی زیادہ ہیں، جن کیلئے بڑا پیسہ ان کو چاہیئے، کیا اگر اس پراجیکٹ کیلئے بھی یہ پیسے نہیں رکھیں گے تو ان ملازمین کا کیا کام ہوگا، وہ ملازمین کیا کریں گے؟ وہ صرف گھر بیٹھیں گے، تنخواہ لیں گے یا ان ملازمین کو انہی ڈی ایف اوز کے نیچے دے دیا جائے گا؟ چونکہ انکے پاس Already بہت بڑا عملہ ہے اور چار یا پانچ سو آدمیوں کیلئے فیڈرل گورنمنٹ سے لے رہے ہیں اور تنخواہ دے رہے ہیں، یہ بہت اچھی بات ہے، میں سمجھتا ہوں حکومت کرنے جارہی ہے کہ یہ پراجیکٹ تھا، اس میں لوگ آگئے، میں Appreciate کرتا ہوں لیکن اس پراجیکٹ کیلئے جناب سپیکر، میں چاہونگا کہ اتنا بڑا پراجیکٹ تھا جو بالکل ضائع ہو جائے گا، اس کیلئے کوئی پیسہ جناب، انہوں نے رکھا ہے؟ اور اگر پچھلے سال یہ چھ کروڑ، چھہتر لاکھ میں سے کوئی تین کروڑ بھی ان کے ساتھ امداد کی جاتی تو آج ہم سمجھتے ہیں کہ وہاں کوئی ترقی کا عمل جاری رہتا۔ منسٹر صاحب ہمیں بتائیں کہ کیا آنے والے دنوں میں جو واٹر شیڈ پراجیکٹ تھا جو فیڈرل گورنمنٹ نے Abandoned کر دیا، چھوڑ دیا، صوبہ اس کو لے رہا ہے اور اس کیلئے کتنی فنڈنگ کرے گا، جناب سپیکر؟

<u>جناب سپیکر:</u> جناب مفتی کفایت اللہ صاحب۔

<u>مفتی کفایت اللہ:</u> شکریہ جناب سپیکر، پہلے یہ محکمہ جنگلات تھا، آج اس کو ماحولیات کہا جاتا ہے اور ماحول سے جملہ متعلقہ امور ہیں، تمام اس محکمے سے متعلق ہیں جناب سپیکر، اور باقی تو ہمارے وزیر صاحب ماشاء اللہ

قابل آدمی ہیں لیکن میں ایک بات یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ واٹر شیڈ اگر آپ کاغذات میں دیکھیں تو یوں لگتا ہے کہ صوبہ سرحد میں ایک بالشت جگہ ایسی نہیں ہے کہ جہاں پودا نہ لگا ہو، درخت نہ لگا ہو لیکن جب آپ عملاً دیکھتے ہیں تو بہت ساری ایسی گھاٹیاں ہیں، پہاڑیاں ہیں کہ وہاں واٹر شیڈ ہونا چاہیئے تھا اور وہاں واٹر شیڈ نہیں ہے۔ مجھے اس کی سمجھ نہیں آرہی ہے کہ ہم وہی پرانے کاغذات دہرا رہے ہیں یا کوئی نئی پالیسی ہماری ہے؟ ہر سال بتایا جاتا ہے کہ اتنے کروڑ درخت لگائے جائیں گے، پچھلے سال بھی بتایا گیا تھا کہ اتنے کروڑ درخت لگائے گئے، اس سے پچھلے سال بھی بتایا گیا کہ اتنے کروڑ درخت لگائے گئے تو جب آپ اتنے کروڑوں درخت لگائیں گے تو اس کیلئے صوبہ خیبر پختونخوا تو کافی نہیں ہوگا، اس کیلئے تو پھر ہمیں پٹے پر زمین لینی پڑے گی پنجاب سے، تو میں اس کو نہیں سمجھ سکا۔ دوسری بات یہ ہے کہ ہماری مزروعہ پالیسی ہوتی ہے جنگلات میں تو ایک ضلع میں مزروعہ پالیسی ایک ہے، دوسرے ضلع میں مزروعہ پالیسی کا اور حساب کتاب ہے، تیسرے ضلع میں کچھ اور حساب کتاب ہے تو میں وزیر محترم سے یہ ضرور درخواست کرونگا کہ آپ اس میں یکسانیت تو پیدا کریں کہ جو مزروعہ پالیسی ملاکنڈ کے اندر ہے، وہی ہزارہ کے اندر ہونی چاہیئے اور جو چترال کے اندر ہے تو وہی گلیات کے اندر ہونی چاہیئے، اس کے اندر تبدیلی نہیں ہونی چاہیئے۔ جناب سپیکر، بہت تعجب کی بات ہے کہ گرین پر پابندی ہے اور یہ سبجیکٹ ہمارا ہے، یہ محکمہ بھی ہمارا ہے اور ہمارا Full fledged وزیر بیٹھا ہوا ہے لیکن پابندی ہم نے نہیں لگائی، پابندی وفاق نے لگائی ہے تو کیا ہمارے میں اتنی طاقت بھی نہیں ہے کہ ہم وفاق کی پابندی کو ہٹا سکیں؟ اب جبکہ کنکرنٹ لسٹ ختم ہوگئی ہے، اٹھارویں آئینی ترمیم پاس ہوگئی ہے اور صوبائی خودمختاری کی بات کی جارہی ہے تو ہم کب تک گرین کیلئے وفاق کی پابندی کو برداشت کریں گے؟ پچھلے سال یہ پابندی تھی اور اس سے پچھلے سالوں میں بھی یہ پابندی تھی، پابندی کس نے لگائی ہے؟ مجھے خوشی ہوتی کہ یہ پابندی ہمارا وزیر جنگلات لگاتا، مجھے خوشی ہوتی کہ یہ وزیراعلیٰ لگاتا لیکن پابندی کون لگا رہا ہے؟ وفاق لگا رہا ہے، وفاق کو ہماری ضروریات کا کیا پتہ ہے، کتنے Wind fall ہیں، اسکی کیا پوزیشن ہے؟ لوگ جو یہی کاروبار کرتے ہیں، وہ کس طرح کسمپرسی کی ذریعے زندگی گزارتے ہیں؟ تو اگر وفاق پابندی لگائے گا تو یہ بات بہت تعجب کی ہے۔ اگر ان دو، تین نکتوں کی وضاحت کرلیں گے جناب وزیر جنگلات تو انشاء اللہ پھر میں اپنی کٹوتی واپس لیتا ہوں۔

جناب سپیکر: نور سحر بی بی۔

محترمہ نور سحر: شکریہ، سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب کو پتہ بھی ہے کہ یہ ہمارے علاقے کے ہیں اور میرے بھائی بھی ہیں لیکن جہاں پر مجھے غلطی نظر آتی ہے تو چاہے بھائی ہی کیوں نہ ہو لیکن ان کو بھی Pinpoint کرنا چاہوں گی کہ یہ انہوں نے جو اتنی ڈیمانڈ لکھی ہوئی ہے تو میں ان سے یہ پوچھنا چاہتی ہوں کہ ان کو دو سال سے میں کہہ رہی ہوں کہ دریاؤں کی نکاسی جو سوات میں ہے تو وہاں پر، سوات کے حوالے سے میں اسلئے کہتی ہوں کہ وہاں مجھے پتہ ہے کہ وہاں پر ہیں، وہاں پر فیکٹریوں سے جو ملبہ گرتا ہے، ساری نکاسی کا سسٹم خراب ہے، درہم برہم ہے، سب لوگوں کو بڑی مشکل ہے، روڈ کے اوپر پانی بہہ رہا ہے تو ان پر آج تک انہوں نے ایکشن نہیں لیا۔ اس پر میں نے کہا کہ ان کارخانوں کو نوٹس دے دیں کہ یہ اپنی نکاسی کا جو ملبہ ہے، یہ کہیں اور ڈالا کریں، دریاؤں میں نہ ڈالا کریں، وہ بھی انہوں نے نہیں کیا۔ پھر شجرکاری کے حوالے سے یہاں اسمبلی کے باہر بھی آپ نے خود ان سے کہا تھا کہ اسمبلی کے باہر پودے لگائیں، ابھی تک اسمبلی کے باہر نہیں لگے تو دوسری جگہوں کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ تیسری بات یہ ہے کہ منسٹرز کالونی میں آپ جائیں سر، تو وہاں پر آپ کو پتہ چل جائے گا کہ کتنی صفائی کا ہمارا مہم وہاں چلتا ہے، کتنی صفائی ہے وہاں پر؟ سپیشل منسٹرز کالونی میں جائیں اور تو چھوڑیں، وہاں پر اگر اس طرح کی کارکردگی ہے ہماری تو پھر ہم مزید رقم کی ڈیمانڈ کیوں کرتے ہیں۔ تھینک یو۔

Mr. Speaker: The honourable Minister for Environment, Wajid Ali Khan Sahib.

وزیر ماحولیات: محترم سپیکر صاحب، دا ډیمانډ چه دے، دا خو د تیر کال چه کوم Expenditures شوی دی د محکمے د ملازمینو په تنخواګانو او الاؤنسز یا چه کوم ملازمین مړه دی، د هغوی په Payments باندے، په ټرانسپورټ یا ټیوب ویل په خرچ باندے، دا مختلف څیزونه دی چه په هغے باندے دا اخراجات شوی دی او هغه ټول د صفحه 97 نه راواخله تر 103 صفحے باندے Total details چه دی، Establishment کښے موجود دی خو د هغے باوجود شازیه بی بی یا دے فاضل ممبرانو چه کومے خبرے اوکړے، د هغے به زهٔ جواب ورکړمه جی۔ شازیه بی بی دا سے اووئیل چه پراجیکټس دی او هغوی ایډورټائزمنټ اوکړی او بیا چه لاړ شو، وائی چه Appointments شوی دی او دا نوټسے هسے ورکړے شوے دی یا دا اشتهارات چه دی نو زما په خیال داسے نه ده۔ دلته کښے چه مونږ څومره هم اشتهارات ورکوؤ نو د هغے نه وروستو بیا انټرویو کیږی او په هغے

کښې یو د فنانس سره وی، یو پکښې د اسټیبلشمنټ کس وی، دوه پکښې زمونږ د ډیپارټمنټ کسان وی او هغوی ټول هغه پراجیکټس چه کوم دی، د هغې انټرویوز اخلی او د انټرویوز نه وروستو، هغوی ټول په هغې کښې، ځکه چه دغه یواځې ډیپارټمنټ نه شی کولے، دغه Appointments خو اسټیبلشمنټ، فنانس او زمونږ ډیپارټمنټ، بیا دا ټول کښینی او هغې کښې بیا هغوی انټرویوز کوی۔ اول Short listing اوکړی بیا انټرویوز کوی او بیا په هغې کښې Appointments کوی نو داسې څه خبره نشته او که د دوئ په نوټس کښې داسې څه خبره وی نو پکار ده چه بیا ما ته ئې اوکړی، هغې باندې به مونږه انشاء اللہ تعالیٰ سخت ایکشن اخلو او د هغې به مونږه مخ نیوے کوؤ۔ پکار دی چه زمونږ په هر کار کښې ټرانسپیرنسی وی او انشاء اللہ تعالیٰ دا Appointments به په ټرانسپیرنټ طریقه کیږی۔ جاوید عباسی صاحب خبره اوکړه، جاوید عباسی صاحب چه د کوم پراجیکټ خبره اوکړه، د واټر شیډ نو دا فیډرل فنډډ پراجیکټ وو او دا تقریباً پینتیس سال اوچلیدو، کله واپډا کړے، کله ورلډ فوډ پروګرام نه، کله د یو چا، تقریباً پینتیس سال دا اوچلیدو او په آخر کښې دا فیډرل انوائرنمنټ ډیپارټمنټ سپورټ کولو او سخکال هغوی دا دغه اوکړو چه مونږ دا نور نه شو ساتلے، دا مونږ ختموؤ نو بیا مونږ د هغوی سره، فیډرل منسټر سره، د سیکرټریانو سره ملاقاتونه اوکړل او په دې مو رضا کړل چه ډیویلپمنټل چارجز، دیګر ډیویلپمنټل کار به دوئ کوی او نان ډیویلپمنټل یعنی تنخواګانے چه دی د سټاف، ځکه چه هغه تین سو، چار سو په هغې کښې سټاف دے او تقریباً چه هزار د دې سره سپورټنګ سټاف دے چه هغې کښې د ډیرو خلقو روزګار دے او په هغې کښې ډیر زیات ایمپلائمنټ دے نو زمونږه وزیر اعلیٰ صاحب په دیکښې ډیره دلچسپی واغسته او هغوی د فنانس، زمونږ د محکمې او د پی اینډ ډی میټنګ رااوغوښتو او دا فیصله اوشوه چه دا نان ډیویلپمنټل چارجز چه دی نو دا به صوبائی ګورنمنټ برداشت کوی، نو اوس تنخواګانے چه دی، هغه ملازمین واغستے شول او ډیویلپمنټل فنډ چه دے، هغه به فیډرل ګورنمنټ ورکوی نو دغه شان دا ډیپارټمنټ به چلیږی او دا پراجکیټ به انشاء اللہ داسے روان وی او داسے به چلیږی۔ مفتی صاحب چه کومه خبره

اوکړه د واټر شیډ په حواله، خو دا کوم تفصیلاً چه مے اووئیل هم دغه خبره ده خو دا مزروعه پالیسی چه ده، په دے باندے خو پابندی شته نه، صوبے چه دی، په هغے باندے پابندی هم نشته او زما په خیال باندے د زلزلے هغه کوم Wind fall چه دے یا د زلزلے په وجه چه کوم Damages شوی دی، د هغے د پاره هم دے پراونشل اسمبلئ یو ریزولیوشن متفقه پاس کړے دے او هغه هم Under process دے، انشاء اللّٰه تعالیٰ چه په هغے به هم کارروائی کوؤ او که دوئ سره داسے څه خبره وی نو بیا پکار ده چه ما ته اووائی، ډیپارټمنټ به بیا په هغے باندے نوټس واخلی انشاء اللّٰه تعالیٰ۔ نور سحر بی بی وائی چه د دریائے سوات، نو دریائے سوات چه دے یا دریائے کابل چه دے، په دے باندے خو زمونږه یو سکیم چه دے د هغے د Clean ساتلو د پاره، هغه منظور شوے دے، یو پراجیکټ دے خو هغه له Under process دے، هغه مکمل شوے نه دے، هغه داسے دے چه د هغے نه دا گنده اوبه چه څومره هم سیندونو ته ځی نو د هغه گنده اوبو د مخ نیوی د پاره به نوی لنک نهرونه جوړؤ او د هغه گنده اوبو رخ به هغه نهرونو ته واړوؤ او انشاء اللّٰه د دغے په وجه باندے به اوبه پاکیږی او هغے کښے حوضونه ئے ورته جوړ کړی دی۔ بیا د یو نه بل ته، د بل نه بل ته، په دے طریقه باندے پاکے اوبه به دغه نهرونو ته ځی او هغه Silt به په هغه انوائرنمنټ حوضونو کښے جمع کیږی۔ د دے نه علاوه کوم د چپس کارخانے چه دی نو هغے ته ډیپارټمنټ د Dust د کنټرول د پاره یوه داسے طریقه ښودلے ده چه هغے کښے Dust کنټرول کیږی او هم دے سره چه څومره زمونږ د سیمنټ فیکټریانے دی نو دے ټولو کښے Dust Control System لګیدلے دے، انوائرنمنټ ډیپارټمنټ خپل دا کار کړے دے خو سوات ته، بونیر کښے هم شوے دے خو لا سوات ته زمونږ د ډیپارټمنټ دا کار لا نه دے تلے نو یقیناً چه په هغے باندے به هم زر کار شروع شی چه هلته کښے هم دا میکنزم اختیار کړے شی چه زمونږه اوبه هم پاکے شی او ماحول هم پاک شی۔

جناب سپیکر: جی شازیه بی بی۔

محترمہ شازیہ طہماس: شکریہ، جناب سپیکر۔ میں مشکور ہوں منسٹر صاحب کی کہ انہوں نے اپنی طرف سے کافی حد تک وضاحت کر دی ہے لیکن ایک دو وضاحتیں میں کرنا چاہونگی، ایک یہ کہ میں نے پہلے ہی کہا تھا۔۔۔۔

جناب سپیکر: ابھی بس ووٹ کیلئے میں Put کروں گا۔ ووٹ یا آپ Withdraw ہو رہی ہیں؟ آپ Satisfied ہیں، Or withdraw کر رہی ہیں؟

محترمہ شازیہ طہماس: جی اگر ان کی Surety ہے تو ایک سال کیلئے میں Withdraw ہو جاتی ہوں۔ اگر انہوں نے پھر دوبارہ Assure نہیں کیا تو۔۔۔۔

جناب سپیکر: ایک سال بعد تو دوبارہ بجٹ ویسے بھی آئے گا، اس میں آپ۔۔۔۔

محترمہ شازیہ طہماس: دوبارہ بجٹ میں کٹ موشن پیش کرونگی۔

جناب سپیکر: آپ پھر پیش کریں۔ جی جاوید عباسی صاحب۔

جناب جاوید عباسی: شکریہ۔ جناب سپیکر صاحب! منسٹر صاحب کی اس ساری ڈیٹیل سے میں خود بھی واقف تھا، صرف میں واپس لینے سے پہلے کہہ رہا ہوں کہ کتنا بڑا ظالمانہ رویہ فیڈرل گورنمنٹ کا ہماری حکومت کے ساتھ ہے کہ وہ کہہ رہے ہیں کہ جو ساڑھے چار سو ملازمین ہیں، انکی تنخواہیں آپ دیں تو جناب سپیکر، یہ کروڑوں روپے بن گئے۔ میں نے اسلئے یہ معاملہ Raise کیا کہ یہ بڑا سیریس معاملہ ہے اور اگر وہ اگلے دو تین سال تک ڈیویلپمنٹل پیسہ نہیں دیں گے تو یہ ہمارے ساتھ بڑی ناانصافی ہو گی لیکن مجھے یقین ہے کہ منسٹر صاحب یہ معاملات انکے ساتھ Raise کریں گے تاکہ وہ کوئی پیسہ ڈیویلپمنٹ کیلئے ہمارے اس پراجیکٹ کو ضرور دیں۔ میں اس پر اپنی کٹ موشن Withdraw کرتا ہوں، جناب سپیکر۔

Mr. Speaker: Withdrawn, Mufti Kifayatullah Sahib?

مفتی کفایت اللہ: میں محکمہ جنگلات سے بالکل مطمئن نہیں ہوں البتہ وزیر جنگلات سے مطمئن ہوں، لہذا واپس کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: واپس؟ (قہقہہ) چلیں، شکر ہے۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: Noor Sehr Bibi, withdrawn?

محترمہ نور سحر: سر! انہوں نے تو ایک کوسچن کا جواب میرا دے دیا، دو کا نہیں دیا لیکن پھر بھی ہمیشہ بہنیں قربانیاں دیتی ہیں، میں قربانی دیتی ہوں، میں Withdraw کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: Withdrawn. Now the question is that Demand No. 20 may be granted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Demand is granted. The honourable Minister for Environment, Khyber Pakhtunkhwa, to please move his Demand No. 21.

جناب واجد علی خان (وزیر ماحولیات): جناب سپیکر! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ تین کروڑ، سینتالیس لاکھ، اڑسٹھ ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2010 کو ختم ہونے والے سال کے دوران جنگلی حیات کے سلسلے میں برداشت کرنے ہونگے۔

Mr. Speaker: Motion moved that a sum not exceeding rupees 3,47,68,000 only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2010, in respect of Forest, Wild life.

Cut motions; Mr. Israr Ullah Khan Gandapur. Not present, lapsed. Dr. Iqbal Din Fana Sahib. Not present, lapsed. Sardar Aurangzeb Khan Nalotha Sahib. Not present, lapsed. Haji Qalandar Khan Lodhi Sahib to please move his cut motion.

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر! میں دو سو روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: Motion moved that the total grant may be reduced by rupees two hundred only. Mr. Javed Abbasi Sahib. Mr. Muhammad Javed Abbasi Sahib.

جناب جاوید عباسی: سر! میں Withdraw کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: Withdrawn. Mr. Muhammad Zamin Khan Sahib. Not present, lapsed. Malik Hayat Khan. Not present, lapsed. Maulvi Obaidullah Khan Sahib to please move his cut motion.

مولوی عبیداللہ: جناب سپیکر صاحب! بڑی مہربانی کہ موقع ملا بولنے کا۔ میں نے اس سلسلے میں وزیر صاحب سے بات بھی کی ہے، انہوں نے مجھے یقین دہانی کروائی ہے تو ویسے میں وضاحت۔۔۔۔

(قطع کلامی)

مولوی عبیداللہ: آپ چونکہ سر،۔۔۔۔

(قطع کلامی)

مولوی عبیداللہ: میں سپیکر صاحب سے بات کر رہا ہوں، آپ سے بات نہیں کر رہا۔

جناب سپیکر: آپ موشن پیش کریں تو اس کے بعد پھر آپ کو۔۔۔۔۔

مولوی عبیداللہ: میں ایک، دو معروضات پیش کر کے واپس لیتا ہوں۔ موشن کو ایک دو باتیں کر کے واپس لیتا ہوں۔

جناب سپیکر: نہیں، نہیں، بات ایک پروسیجر کی ہے۔ ایک طریقہ ہے، آپ موشن پیش کریں تو میں وہ ہاؤس میں Lay کروں گا۔

مولوی عبیداللہ: جی میں پیش کر لیتا ہوں یہ موشن۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: پھر آپ کو موقع مل جائے گا۔ بات بالکل مکمل کریں اس پر۔ ابھی موشن ذرا پہلے پیش کریں کہ کٹوتی کتنی ہے آپ کی؟

مولوی عبیداللہ: یہ پینسٹھ لاکھ کی ہے۔ میں پیش کرتا ہوں پینسٹھ لاکھ کی۔

Mr. Speaker: Motion moved that the total grant may be reduced by rupees sixty five lakh only. Mr. Naseer Muhammad Khan Mindadkhel Sahib.

Mr. Naseer Muhammad Khan Mindadkhel: Withdrawn, Sir.

Mr. Speaker: Withdrawn. Ji, Haji Qalandar Khan Lodhi Sahib.

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر! یہاں کٹوتی لانے کا مقصد یہ ہے کہ جنگلی حیوانات جو ہیں، یہ ناپید ہو گئے ہیں۔ کچھ لوگ تو ان کا شوقیہ شکار کر کے انہیں ختم کر رہے ہیں، کوئی بھی ڈیپارٹمنٹ اس کی نسل کی افزائش کیلئے کوئی خاطر خواہ Step نہیں لے رہا، تو اس پر اگر ان کا کوئی پروگرام ہے اور وہ پروگرام اگر یہ بتادیں کہ جنگلی حیوانات کی نسل کشی کے تدارک کیلئے ڈیپارٹمنٹ کیا کر رہا ہے تو میں اس کو Withdraw کر لوں گا۔

جناب سپیکر: مولوی عبیداللہ خان صاحب۔

مولوی عبیداللہ: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جناب سپیکر صاحب! کوہستان کا جو جغرافیائی محل وقوع ہے، اس میں لمبائی میں ایک کلو میٹر سڑک ہے بھاشا سے بشام تک، وہاں پر مختلف قسم کے درے ہیں تو اللہ کے فضل سے ہمارے کوہستان کے درے جنگلات سے بھرے ہوئے ہیں تو جونہی ہماری یہ حکومت آگئی، وہاں پر سمگلنگ ہو رہی تھی بہت زیادہ تو ہمارے وزیر صاحب نے لوئر کوہستان میں ایک ایسے ڈی ایف او صاحب کی تقرری کر دی کہ جو بڑا دیانتدار اور تگڑا قسم کا آدمی ہے۔ اس نے سڑک پر جو سمگلنگ ہو رہی تھی

لکڑی کی، وہ بند کر دی ہے، ایک نگ بھی سمگل نہیں ہو رہا لیکن دریائے سندھ کے ذریعے سے بہت مقدار میں کوہستان کے اندرون سے لکڑی آ کر ہری پور جاتی ہے تربیلہ کے ذریعے سے، تو میں نے وزیر صاحب سے بات کی ہے، انہوں نے وعدہ فرمایا ہے کہ اس میں کوئی میٹنگ کر لیں گے، چیف کنزرویٹر بھی ہو گا اور سیکرٹری فارسٹ بھی ہو گا، ان کو بلا کر کوئی نہ کوئی موبائل ٹیم بنائیں گے تاکہ دریائے سندھ میں جو لکڑی آجاتی ہے، اس کو بند کرانے کا بندوبست کرنے کیلئے وعدہ کیا ہے، اس بنا پر میں اپنی موشن کو واپس کر لیتا ہوں۔

جناب سپیکر: جناب قلندر خان لودھی صاحب! آپ Withdraw-----

جناب قلندر خان لودھی: سر! وزیر صاحب کچھ-----

جناب سپیکر: اچھا، اچھا، سوری، انہوں نے پہلے سے Withdraw کیا، میں سمجھا آپ بھی۔ جی آنریبل منسٹر فار انوائرنمنٹ، واجد علی۔

وزیر برائے ماحولیات: محترم سپیکر صاحب! جس طرح قلندر لودھی صاحب نے کہا کہ جنگلی حیات کا تحفظ اور کچھ نسلیں ناپید ہو چکی ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ اس سلسلے میں ہمارے ڈیپارٹمنٹ نے بہت اچھا کام کیا ہے اور بہت ساری انہوں نے ہیچریز بھی بنائی ہیں، مثلاً ایک علاقہ ہے کوہستان میں، جس طرح مولانا صاحب نے کہا 'پلس'، تو اس میں ایک ایسا پرندہ ہے جو دنیا میں ناپید ہو چکا ہے، جس کو Western Tragopan کہتے ہیں اور اس پرندے کی پاپولیشن کو ہم نے اتنا زیادہ کیا ہے کہ ہم ساری دنیا میں اب ایک نمبر پر ہیں، جس طرح ہم نے اس کی حفاظت کی ہے اور جس طرح اسکی پاپولیشن کو ہم نے بڑھایا ہے۔ اس طرح ہمارے ہاں دو Leopards جو ہیں، وہ ایک Dangerous specie ہے دنیا میں، اس کو ہم نے چترال اور کوہستان کے علاقوں میں محفوظ کیا اور اب اس کی پاپولیشن بڑھ چکی ہے تو اس حوالے سے میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے وائلڈ لائف نے بہت سارے پرندوں کی ری جنریشن بھی کیا اور جس طرح جو جو Species ہمارے Dangerous تھے، اب اس Dangerous کے دائرے سے نکل چکے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ اس حوالے میں ہمارے وائلڈ لائف ڈیپارٹمنٹ جو ہے، یہ بالکل قابل تحسین ہے اور ان کے ہم مشکور ہیں کہ انہوں نے بہت Hard work کیا ہے اور زیادہ تر لوگ جو ہیں، ابھی ہم دیکھ رہے تھے، جگہ جگہ ہم نے نیشنل پارکس بنائے ہیں چترال میں، کوہستان میں، یہ ہمارے چراٹ، نظام پور میں، جس میں ان Species کو ہم تحفظ دے رہے ہیں تاکہ اس کی پاپولیشن زیادہ ہو جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ

ہمارا ڈیپارٹمنٹ خاصکر ہمارے صوبہ پختونخوا کی وائلڈ لائف، سارے پاکستان میں ٹاپ پر اس حوالے سے اور انشاء اللہ تعالیٰ میں سمجھتا ہوں کہ ہمارا ڈیپارٹمنٹ اس سے مزید اچھا کام کرے گا تاکہ ہماری جنگلی حیات تحفظ بھی پا سکے اور مزید اس کی پاپولیشن بڑھ سکے اور میں قلندر لودھی صاحب سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ اپنی موشن واپس لے لیں۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی، قلندر خان لودھی صاحب۔

<u>حاجی قلندر خان لودھی</u>: Withdraw کرتا ہوں۔

<u>جناب سپیکر</u>: اچھا، اور آپ تو پہلے ہی Withdraw ہو چکے ہیں نا جی، عبید اللہ خان صاحب؟

<u>مولوی عبید اللہ خان</u>: جی ہاں، جناب۔

<u>Mr. Speaker</u>: Well, now the question is that Demand No. 21 may be granted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker:</u> The 'Ayes' have it. The Demand is granted. The honourable Minister for Environment, Khyber Pakhtunkhwa, to please move his Demand No. 22.

واجد علی خان صاحب یہ سارے پیسے تو آپ لے جا رہے ہیں۔

<u>جناب واجد علی خان (وزیر ماحولیات)</u>: مسٹر سپیکر سر! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ انہتر لاکھ، دس ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2010 کو ختم ہونے والے سال کے دوران ماہی پروری کے سلسلے میں برداشت کرنے ہونگے۔

<u>جناب سپیکر</u>: یہ آپ جوائنٹ بھی کر سکتے ہیں، یہ سیکرٹریٹ کی طرف سے ایک موشن ہے لیکن ابھی تو اسی طرح چلے گا۔ آپ لوگوں نے چونکہ علیحدہ علیحدہ بھیجا ہے تو اسلئے ایک ایک لیں گے۔

<u>Mr. Speaker:</u> Motion moved that a sum not exceeding rupees 69,10,000 only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2010, in respect of Fisheries.

Mr. Israr Ullah Khan Gandapur Sahib.

<u>جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور</u>: سر! میں Withdraw کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: Withdrawn. Sardar Aurangzeb Khan Noltha Sahib. Not present, lapsed. Haji Qalandar Khan Lodhi Sahib.

حاجی قلندر خان لودھی: جناب! میں Withdraw کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: Withdrawn. Mufti Syed Janan Sahib.

مفتی سید جانان: زهٔ جی Withdraw کوم۔

Mr. Speaker: Withdrawn. Mr. Muhammad Javed Abbasi Sahib.

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر! چار لاکھ کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: Motion moved that the total grant may be reduced by rupees four lakh only. Mr. Muhammad Zamin Khan. Not present, lapsed. Malik Qasim Khan Khattak Sahib to please move his cut motion.

ملک قاسم خان خٹک: Withdraw کرتا ہوں، سر۔

Mr. Speaker: Withdrawn. Maulvi Obaidullah Khan to please move his cut motion on Demand No. 22.

مولوی عبیداللہ: جناب والا! میں پینتیس لاکھ کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: Motion moved that the total grant may be reduced by rupees thirty five lakh only. Mr. Naseer Muhammad Khan Midadkhel Sahib.

Mr. Naseer Muhammad Khan Miadadkhel: Withdrawn, Sir.

Mr. Speaker: Withdrawn. Mr. Muhammad Javed Khan Abbasi Sahib, please.

جناب محمد جاوید عباسی: بہت شکریہ، جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! یہ فشریز کے بارے میں جو بھی پیسہ خرچ ہوا ہے تو یہ بڑا Important محکمہ تھا اور دو علاقوں میں اس پر بڑی توجہ کی ضرورت تھی، ایک علاقے سے ہمارا تعلق ہے اور ایک علاقے سے خود منسٹر صاحب کا تعلق ہے۔ جناب، سوات سے ہونا چاہیئے تھا کہ پچھلے کچھ سالوں میں بہتری آتی، کچھ سالوں سے یہ دونوں بڑی، ٹراؤٹ کیلئے شاید ایک ہیچری یا ایک یونٹ لگایا گیا تھا سوات کے اندر اور ایک پرائیویٹ سیکٹر میں ہزارے کے اندر کاغان اور ناران کے ساتھ، اب ہمارے ہاں یہ ایک فیشن بن گیا کہ جو چیز بھی ہمارے ذمہ آتی ہے، وہ ہم اتنا خراب کر دیتے ہیں کہ پھر Next حکومت اور اس کے بعد اس کا کوئی وجود نہیں رہتا۔ جناب سپیکر! آپ نے سنا ہو گا کہ ایک زمانے میں بڑا مشہور تھا کہ جو آدمی کراچی، لاہور یا جہاں کہیں سے بھی نکلتا تھا تو وہ کہتا کہ میں سوات، کاغان یا ناران جاؤنگا، میں نے ٹراؤٹ کھانی ہے اور میں نے اس کا شکار کرنا ہے یا میں نے اس کو دیکھنا ہے مگر

بد قسمتی سے جناب، کہ وہ دریا جس میں کبھی صاف پانی تھا، جسے انسان پی سکتا تھا لیکن آج وہ حالات آ گئے کہ خود اپنی انکی رپورٹ ہے کہ وہاں مچھلیاں آتی ہیں، مر رہی ہیں کیونکہ وہاں کا پانی جناب سپیکر، صاف نہیں رہا۔ آپ دیکھیں کہ جتنے ہوٹلز تھے اور جتنا سیوریج سسٹم تھا، وہ سارا گندہ پانی انہیں دریاؤں میں پھینک دیا گیا جن میں ان مچھلیوں نے پرورش پائی تھی۔ اسکے علاوہ ٹراؤٹ کی ایک نسل یہ بھی ہے کہ جو دوسری مچھلیاں ہیں، وہ خود کھا جاتی ہیں، ان کی بھی بریڈنگ نہیں ہونے دیتیں۔ اس کیلئے ہم چاہیں گے کہ ہمیں منسٹر صاحب بتائیں کہ کوئی ایسا کام ہوا ہے سوات کے اندر اور اس اندر؟ آپ کو جناب سپیکر، اگر کوئی ٹراؤٹ کھانے کا موقع ملا ہو یا جناب رحیم داد خان صاحب کو موقع ملا ہو تو میں نہیں کہہ سکتا، باقی تو میں سمجھتا ہوں کہ اس پورے صوبے کے کسی آدمی کو شاید اتنے سالوں میں یہ موقع نہ ملا ہو اور سوات کے اندر جو تھوڑی بہت یہ ٹراؤٹ پیدا بھی ہوتی ہے تو وہ بھی پرائیوٹ، وہاں سے اٹھائی جاتی ہے اور اسلام آباد لائی جاتی ہے۔ اس کے بارے میں بھی ہمیں ذرا بتایا جائے اور یہ بھی بتایا جائے کہ یہ Important محکمہ تھا، یہ Important ہمارا جو تھا، اس کے ذریعے ہم اپنی آمدنی بڑھا سکتے تھے، ہم اپنے Tourists کو Attract کر سکتے تھے اور مجھے بڑی خوشی ہے چونکہ یہ دونوں محکمے منسٹر صاحب کے ساتھ ہیں، انوائرنمنٹ بھی چونکہ منسٹر صاحب کا ہے، تو یہ دونوں ذمہ داریاں اسی محکمہ کی تھیں کہ یہ ان دونوں کو اسطرح رکھتے کہ محکمہ بھی تیز ہوتا اور انوائرنمنٹ، ہمارا جو ماحولیات ہے، وہ بھی بہتر ہوتا لیکن جس طرح یہ لگ رہا ہے اور یہ اتنا پیسہ بھی لگا رہے ہیں تو کیا Future کیلئے کوئی پلان رکھتے ہیں کہ اس معاملے کو، اس محکمے کو ٹھیک کرنے میں اتنا بڑا پیسہ خرچ ہو گیا ہے اور بجٹ سے اوپر یہ پیسہ خرچ ہو گیا ہے، اس کا جو کام کرنے کا تھا، وہ کام بالکل سرے سے ختم ہی ہو گیا ہے، تو یہ پیسہ کس طرح خرچ ہوا ہے؟ تو مجھے اس کی تفصیل بتائی جائے، جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جناب عبیداللہ خان صاحب۔

مولوی عبیداللہ: بہت مہربانی، جناب سپیکر صاحب۔ یہ ماحولیات کے بارے میں، جتنا انسان کیلئے عمر اور وقت درکار ہے، اسی طرح جنگلی حیات کیلئے بھی عمر اور اس کا زندہ رہنا ضروری ہے۔ ہمارے کوہستان میں جی، میں کوہستان کی بات کر لیتا ہوں کہ جب وہاں سڑکیں نہیں تھیں تو ہمارا گزارہ فقط اور فقط شکار پر تھا اب چونکہ سڑکیں بن گئی ہیں تو گوشت کی اتنی زیادہ ضرورت نہیں ہے مگر ہماری وزارت کی طرف سے چونکہ کوئی معقول انتظام نہیں ہے کہ جنگلی حیات کو تحفظ ملے تو میں اپنے وزیر صاحب سے یہ ریکویسٹ کر لیتا ہوں کہ جتنا ہو، جسطرح جنگلات کا تحفظ کرنے کیلئے میرے ساتھ وعدہ کیا ہے کہ ایک موبائل ٹیم

بناؤں گا، اسی طرح جنگلی حیات کی بھی ایک ہی وزارت ہے، اس میں تو آپ مہربانی کر کے ایک موبائل ٹیم بنائیں۔ دیکھیں ناجی عباسی صاحب، یہ پوری ایک ہی وزارت ہے، ایک ہی وزارت میں ہر ایک کی بات ہو سکتی ہے، یہ وزارت ایک ہی ہے تو اسی طرح جتنی جنگلات کے تحفظ کیلئے ہمارے وزیر صاحب نے جو حکمت عملی وضع کی ہے، اس سے ہم تحفظ کی طرف جا رہے ہیں تو جنگلی حیات جو کہ مارخور ہے، چکور ہے، مرغ زریں ہے، اس طرح بے انتہاء قسم کے ہمارے پاس پرندے ہیں تو ایک موبائل ٹیم اسی کیلئے بھی بنائیں تاکہ ان کی حیات بھی آپ محفوظ کر سکیں، اس لئے انکی ان باتوں سے میں اپنی کٹوتی کو واپس کر لیتا ہوں۔

جناب سپیکر: واجد علی خان صاحب! دا ورله څنګه به بچ کوئ، دا دوئ چه څه غواړی؟ جی!

وزیر ماحولیات: محترم سپیکر صاحب، دا چا چه تراؤټ مهے نه دے خوړلے نو هغوی له زهٔ دعوت ورکومه چه په سوات کښے جشن سوات دے، په هغے کښے دغه مفت دی، دا دی چه دا اوسیدل او ډوډئ به دوئ خپله خوری، پکار ده چه دغه جشن ته دوئ لاړ شی نو کیدے شی چه سوات کښے مهی پکښے اوخری جی۔ جاوید عباسی صاحب چه د تراؤټ مهیانو خبره اوکړه جی، دا ټورازم بانډے یو سیمینار شوے وو او په یو کنونشن کښے هغوی دا مطالبه کړے وه چه د تراؤټ مهیانو نسل ته خطره ده نو په دے وجه بانډے عاقل شاه صاحب مونږ ته یو خط رااولیږو چه د بهر د خلقو کانفرنس په تراؤټ مهی دے ځکه چه په ډیر تیزئ سره دا ختمیږی، خلق کیمکل استعمالوی، مختلف دغه استعمالوی نو د ټورسټس او د ټورازم منسټرئ په درخواست بانډے مونږ د دو کالو د پاره د تراؤټ مهی په نیوو ډیره پابندی لګولے ده، تقریباً یو کال ئے اوشو او کوشش به زمونږه دا وی چه د هغوی شومره هیچریز چه دی، دا هم زیاتے شی او په هغے کښے د کلکوټ یوه نوے هیچری ئے هم جوړه کړه، دغسے د مدین یوه نوے هیچری چه مونږ جوړه کړه او زمونږ کوشش دا دے چه په هغه ځایونو کښے که تراؤټ مهے پائی، چه په کوم ځائے کښے هغه Growth کولے شی نو زمونږ محکمه هغلته دغه د تراؤټ مهو بچ پریږدی چه د هغوی تعداد زیات شی نو دوه طریقے مونږه استعمالوؤ د هغے د پاره، یو هیچری استعمالوؤ، یو Natural flow، هغه اوبه استعمالوؤ نو په دواړو کښے زمونږه ډیپارټمنټ لګیا دے او

هغوی کار کوی۔ د دے نه علاوه جی زمونږ ډیپارټمنټ تربیله ډیم هم اغستے دے د واپډا نه، د دے سره غازی بروتها چه کوم پراجیکټ دے، د هغے هغه نهر د نیو د پاره زمونږه پختونخوا صوبے ته ټرانسفر شو د دے چه کوم رائټس دی نو موجوده وخت کښے زمونږه فشریز ډیپارټمنټ ډیر ښه په تیزئ سره روان دے جی، ښه کار کوی او څنګه چه دوئ اووئیل چه د اوبو دا ګند چه دے نو دے د پاره د سوات ریور د پاره تقریباً د نهه سوو ملینو یو پراجیکټ جی منظور دے۔ داسے د دغے علاقے چه کوم کاغان، ناران دی، په هغے کښے خو دومره ګند نشته خو لاندے چه کوم دریا دے، د هغے د Clean mechanism چه کوم زمونږه پروګرام دے نو په هغے کښے به انشاء الله تعالیٰ زمونږ کوشش دا وی چه زمونږه څومره دریابونه دی، دا مونږ پاک اوساتو، په هغے زمونږ کوم چه Sea life دے، دغه هم محفوظ اوساتو نو کوشش به زمونږه دا وی جی چه هغه مونږه محفوظ کړو او دے ملګرو ته زما درخواست دے چه دوئ د مهربانی اوکړی، دا خپل کټ موشن د واپس واخلی۔

<u>جناب سپیکر:</u> واجد علی خان صاحب، آبادی بہت زیادہ بڑھ گئی ہے اور یہ ایک اچھی Source ہے جو White meat، مچھلی خاصکر، تو اس میں بہت بڑی گنجائش ہے، ہمارے پاس زمینیں کم ہیں، اس کی فارمنگ اور اس پر خصوصی توجہ کی ضرورت ہے۔ اس محکمے نے اگر اس کو زیادہ وہ کیا تو یہ فارمرز کیلئے بھی اور انسانوں کیلئے بھی خوراک کا دوسرا ذریعہ مل جائے گا۔ جی اوس تاسو، جاوید عباسی صاحب، Withdrawn?

<u>جناب محمد جاوید عباسی:</u> ٹھیک ہے جناب، جس طرح انہوں نے کہا ہے تو ہم ان کے شکر گزار ہیں اور میں امید کرتا ہوں کہ انشاءاللہ اس سے بہتری آئے گی۔

<u>جناب سپیکر:</u> انشاءاللہ، انشاءاللہ۔ جی مولوی عبیداللہ خان صاحب، Withdrawn، واپس۔۔۔۔۔

<u>مولوی عبیداللہ:</u> واپس کرتا ہوں جی۔

<u>Mr. Speaker:</u> Okay, now the question is that Demand No. 22 may be granted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker:</u> The 'Ayes' have it. The Demand is granted. The honourable Minister for Irrigation, Khyber Pakhtunkhwa, to please move his Demand No. 23. The honourable Minister, please.

جناب پرویز خٹک (وزیر آبپاشی): جناب سپیکر، میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ چوبیس کروڑ، پینسٹھ لاکھ، تراسی ہزار سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو 30 جون 2010 کو ختم ہونے والے سال کے دوران آبپاشی کے سلسلے میں برداشت کرنے ہونگے۔

جناب سپیکر: جناب آنریبل منسٹر صاحب! آج ہم آپ کے ایک سائٹ کا ویزٹ کر چکے ہیں، عاطف خان بھی تھے، میرے آنریبل ایم پی اے صاحبان بھی تھے اور پوری ٹیم بھی تھی، کافی اچھا کام ہو رہا تھا "فلڈ پروٹیکشن سکیم"، فلڈ سکیم پشاور کا، تو Appreciation کے قابل ہے، بہت بڑی اور بہت اچھی سکیم ہے (تالیاں) یہ بہت اچھی خبر ہے کہ پشاور کے فلڈ پر ٹیکشن کیلئے یہ پینسٹھ کروڑ کی سکیم آپ کے ڈیپارٹمنٹ نے مرکزی حکومت سے پیسے لیکر شروع کی ہے، بہت بڑی اچھی سکیم تھی۔ ہم سب کو بلکہ ایوان کو پتہ نہیں تھا، معزز ایوان کی طرف سے میں آپ کا اور آپ کے ڈیپارٹمنٹ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

(تالیاں)

وزیر آبپاشی: شکریہ جناب۔

جناب رحیم داد خان {سینئر وزیر (منصوبہ بندی، ترقی و توانائی)}: پینسٹھ کروڑ میں میرا بھی کچھ ہاتھ ہے۔

جناب سپیکر: جی جناب۔

سینئر وزیر (منصوبہ بندی، ترقی و توانائی): پینسٹھ کروڑ میں میرا بھی کچھ ہاتھ ہے جی۔

جناب سپیکر: آپ کا بھی؟ (قہقہہ) لیکن آپ نے فنڈ نہیں دیا ہے، فنڈ مرکزی حکومت سے ملا ہے اور نہیں، ہاں سوری، سوری، آپ نے ادھر بہت اچھا Pursue کیا تھا، ہاں مجھے یاد آیا جی، رحیم داد خان کا بھی خصوصی شکریہ ادا کرتے ہیں لیکن میڈیا کے دوستوں سے گلہ ہے، آج آپکو صبح سویرے اطلاع دی گئی تھی کہ ہمارے آنریبل منسٹرز اور ایم پی ایز بھی جا رہے ہیں، تو مجھے تو افسوس ہوا کہ ادھر آپ میں سے کوئی بھی موجود نہیں تھا اور آپکی پرنٹ میڈیا کا خاصکر میں دیکھ رہا ہوں، آج ٹی وی والے دو دوست آئے تھے لیکن پرنٹ میڈیا کا اگر ایسا رہا تو خدا خیر کرے، آپ کے فیوچر کا مجھے بڑا خطرہ لگ رہا ہے۔

Motion moved that a sum not exceeding rupees 24,65,83,000 only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for year ending 30th June, 2010, in respect of Irrigation.

یہ میڈیا کے دوستوں کو اسلئے کہا کہ روزانہ اخباروں میں Sad news بہت زیادہ آتے ہیں، یہ پشاور کیلئے بہت اچھی خبر تھی تو ایسی اچھی خبریں بھی اگر اخباروں میں آئیں گی تو ہمارے لوگ تھوڑا خوش ہوں گے کہ پینسٹھ کروڑ کا ایک اچھا گفٹ فیڈرل گورنمنٹ سے آیا اور پراونشل گورنمنٹ، ایریگیشن ڈیپارٹمنٹ کر رہا ہے، تو یہ اسلئے میں نے تھوڑا سا آپکو وہ کیا۔

Mr. Akram Khan Durrani Sahib to please move his cut motion on Demand No. 23. Janab Akram Khan Durrani Sahib.

<u>جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف):</u> محترم سپیکر صاحب، زۀ خپل کټ موشن واپس اخلم۔

<u>Mr. Speaker:</u> Withdrawn. Mr. Israr Ullah Khan Gandapur Sahib.

<u>جناب اسرار اللہ خان گنداپور:</u> سر! چونکہ میں چند دن سے رخصت پہ تھا، اس وجہ سے صحیح طور پر تیاری بھی نہ کر سکا اور میں اپنی ساری کٹ موشنز Withdraw کرتا ہوں۔

<u>جناب سپیکر:</u> Withdrawn. آج ایری گیشن ڈیپارٹمنٹ کی اچھی سکیم دیکھی ہے، ویسے بھی اچھی ہے، Appreciation کیلئے بھی اگر Withdraw ہو جائیں تو اچھا ہے، مسٹر اقبال دین فنا صاحب۔ ڈاکٹر اقبال دین فنا صاحب۔

<u>Dr. Iqbal Din:</u> Withdrawn, Sir.

<u>Mr. Speaker:</u> Withdrawn. Sardar Aurangzeb Khan Nalotha Sahib. Sardar Sahib. Not present, lapsed. Haji Qalander Khan Lodhi Sahib.

<u>جناب قلندر خان لودھی:</u> جناب سپیکر! ویسے بھی وہ خود چونکہ کافی Competent Minister ہیں اور بڑا انہوں نے اچھا چیک رکھا ہے ڈیپارٹمنٹ پر، ہمیں اس نے تھوڑے بہت پیسے بھی دیئے ہیں، بہر حال چونکہ چیئر کی طرف سے بھی اتنی ان کی تعریف ہو رہی ہے، ڈیپارٹمنٹ کی، تو اب میرے خیال میں اس پر کٹ موشن دینا جائز نہیں ہے۔ آپ کی طرف سے رولنگ آ گئی۔

<u>جناب سپیکر:</u> بڑی مہربانی قلندر خان لودھی صاحب، شکریہ۔ محمد جاوید خان عباسی صاحب۔

<u>جناب محمد جاوید عباسی:</u> جناب سپیکر! اگر پشاور کیلئے اتنا اچھا پراجیکٹ ہوا ہے تو اس خوشی میں میں کہتا ہوں اور مجھے یقین ہے کہ انشاء اللہ یہ توجہ کبھی ہماری طرف بھی، ضرور یہ نظر کرم ہو گی، تو اس خوشی میں میں واپس لیتا ہوں، جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: ضروری ہے جی۔ Mufti Kifayatullah Sahib to please move his cut motion.

مفتی کفایت اللہ: میں نے جی بڑی تیاری کی تھی اور میں اس پر آخر تک جانا چاہتا تھا، اسلئے کہ پچھلے دو سالوں میں انہوں نے مجھے ایری گیشن میں بالکل نظر انداز کیا، تو میں تو بتانا چاہتا ہوں کہ میں ایم پی اے ہوں اور میرا بھی حلقہ ہے اور وہاں پر بھی ایریگیشن کا کام ہوتا ہے تو جناب، آپ نے ماحول ایسا بنا دیا کہ میں نے بہت اچھی تیاری کی تھی اس وقت اور میں اس پر آگے تک جانا چاہتا تھا لیکن شرم آتی ہے۔ اگر وہ یہ یقین دہانی کرائیں کہ مجھ سے زیادتی نہیں کرے گا تو میں واپس لیتا ہوں۔

جناب سپیکر: یہ انوکھا سٹائل ہے پرویز خان خٹک صاحب، خصوصی عنایت ہو۔ مفتی کفایت اللہ صاحب کے حلقے میں جو بھی مسائل ہوں تو انہیں ضرور آپکی طرف سے خصوصی توجہ چاہیئے۔ مختیار علی خان صاحب۔

Mr. Mukhtiar Ali Advocate: Withdraw, ji.

جناب سپیکر: Withdrawn? تھوڑا سا تمہید باندھا کریں مختیار علی خان، ایسے مفت میں Withdraw نہ ہو جایا کریں۔

جناب مختیار علی ایڈوکیٹ: تھیک دہ جی چہ تیر دوہ کالہ خوئے پہ اوچہ ساتلے یو خو پہ دے کال کبنے ئے راتہ کتلے دی نو پہ دے وجہ ئے Withdraw کومہ۔ سر! د حکومتی بنچ سرہ د تعلق باوجود دوہ کالہ ئے نظر انداز کړے وو خو بھرحال اوس ئے راتہ کتلے دی، د ھغے پہ وجہ باندے۔

جناب سپیکر: مفتی کفایت اللہ صاحب، ستاسو گیلہ؟ (قہقہہ) قاسم خان خٹک صاحب۔

ملک قاسم خان خٹک: شکریہ، جناب۔ جناب آنریبل منسٹر بڑے Competent ہیں اور اپنے محکمے پر خوب عبور ہے ان کا اور ہم خود بھی یہ کٹ موشن واپس لینا چاہتے ہیں مگر ساتھ ساتھ یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ ضلع کرک کہ سو فیصد وہاں خٹک ہیں، وہ کونسا ایسا بد قسمت ضلع ہوگا جس میں ایریگیشن کا سب ڈویژن نہ ہو; اس کا سب انجینیئر نہ ہو؟ ضلع کرک چوبیس اضلاع میں واحد ضلع ہے کہ وہاں سب ڈویژن بھی نہیں ہے ایریگیشن ڈیپارٹمنٹ کا، ڈویژن تو درکنار، میں منسٹر صاحب سے یہ ریکویسٹ کرتا ہوں کہ خدارا اپنی خٹک قوم پر رحم کریں اور انشاء اللہ اس کو ڈویژن بنا کر مہربانی کریں گے اور آپ نے ان کی تعریف کی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ خٹک نامے کی طرف سے درخواست آئی۔ Maulvi Obaidullah Khan Sahib to please move his cut motion.

مولوی عبیداللہ خان: جناب والا! میں پانچ لاکھ کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: Motion moved that the total grant may be reduced by rupees five lacs only. Mr. Naseer Muhammad Khan Midadkhel Sahib.

جناب نصیر محمد میداد خیل: جناب سپیکر! دومرہ صفت د اوکړو چہ مجبوراً اوس ئے مونږہ د دۀ پہ آنر کښے دا خپل تحریک واپس اخلو جی۔

(قہقہے/تالیاں)

جناب سپیکر: بنہ جی۔ مولوی عبیداللہ خان صاحب۔

مولوی عبیداللہ: جناب سپیکر! بڑی مہربانی کہ آپ نے مجھے موقع دیا۔ پرویز خٹک صاحب بڑے فطین اور سمجھدار آدمی ہیں اور میرے قریبی دوست اسلئے بھی ہیں کہ ہم چار سال اکٹھے ناظم رہے ہیں اور ناظمین کے یہ سربراہ بھی تھے، تو ان کے ساتھ میری بات چیت ہو گئی ہے، ایک وعدہ انہوں نے میرے ساتھ کیا ہے کہ میں کوہستان میں آکر اس جگہ کو خود دیکھ کر فزیبلٹی رپورٹ بنا کر جتنے بھی پیسے ہونگے، خرچ کرونگا تو اسی بنا پر میں واپس لیتا ہوں۔ کیوں خٹک صاحب، ٹھیک ہے نا جی؟ یہ بات صحیح ہے نا؟ میں دعوت دیتا ہوں۔

جناب سپیکر: پرویز خان خٹک صاحب، آپکے پاس پھر تو کہنے کیلئے کچھ بھی نہیں ہے لیکن آپ بہت لیٹ اٹھتے ہیں۔ صرف یہ وضاحت کریں کہ کیوں لیٹ اٹھتے ہیں؟

وزیر آبپاشی: کہاں پر لیٹ اٹھتا ہوں؟

جناب سپیکر: آج صبح ہم نے آپکا بڑا انتظار کیا۔ جی بسم اللہ۔

